103 103-100885 **I**

Total No. of Questions - **16**
Total No. of Printed Pages - **4**

Regd. No.

Part - II
URDU - Paper - I
(Second Language)

Time : 3 Hours **Max. Marks : 100**

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

سوال نمبرI: مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے: 2x3=6

(1) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

(2) طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسی میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

(3) جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(4) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

سوال نمبرII: متن کے حوالے سے کوئی دو جملوں کی تشریح کیجیے: 2x5=10

(1) ''مگر اس راہ کی زمین پھسلتی سڑک پتھریلی راستے ایسے اینچ پیچ کے تھے کہ کٹھن گھاٹی اسی کو کہتے ہیں''

(2) ''دونوں بولتے ہیں ضد کرتے ہیں، جھگڑتے ہیں، روتے ہیں اور اپنے اپنے گھر کا راستہ لیتے ہیں''

(3) ''جب ماں مرتی ہے تو ماں نہیں مرتی، بہن کے وجود میں زندہ رہتی ہے''

(4) ''اجی واہ خوب کہو ہوا اللہ کا کرنا تھا، اجی وہ تو دیوے ہے اُسے لے کے کیا کرنا ہے''

سوال نمبر III: ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x8=8

(1) ایک پہاڑ اور گلہری

(2) اے شریف انسانو!

سوال نمبر IV: ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x8=8

(1) مضمون ''باغِ امید کے دو دروازے'' کا خلاصہ لکھئے۔

(2) مضمون ''چھوٹی آپا'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

سوال نمبر V: ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x8=8

(1) جذبۂ ہمدردی سے متعلق مصنف کے مختلف خیالات کا اظہار کیجئے۔

(2) مضمون ''ڈائرکٹر کا کتا'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

سوال نمبر VI: ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجئے: 2x5=10

(1) محمد قلی قطب شاہ پر نوٹ لکھئے۔

(2) فراقؔ کی شاعرانہ عظمت پر ایک نوٹ لکھئے۔

(3) میر تقی میر کے شعری اسلوب کے اہم نکات بیان کیجئے۔

(4) علامہ اقبالؔ کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے۔

سوال نمبر VII: مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات لکھئے: 5x1=5

(1) محمد قلی نے کس شہر کی بنیاد ڈالی؟

(2) نظم ''مناجات''، کس نے لکھی؟

(3) ساحرؔ لدھیانوی کی وفات کب ہوئی؟

(4) نظم ''اے شریف انسانو!'' کس پس منظر میں لکھی گئی؟

(5) علامہ اقبالؔ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

103-100885
103-100885
103-100885

سوال نمبر VIII: خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے:

5x1=5

(1) دربارِ اکبری .... کی تصنیف ہے۔

(2) مرزا غالبؔ کی وفات .... سن میں ہوئی۔

(3) ہائیڈ پارک .... شہر میں ہے۔

(4) امریکہ میری عینک سے .... کا سفرنامہ ہے۔

(5) مضمون "چھوٹی آپا" کے مصنف کا نام .... ہے۔

سوال نمبر IX: مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھکر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے:

5x1=5

اگر چہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل اُن کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ اُن کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے لولے اور اپاہج مرد عورت ہر وقت پڑے رہتے تھے۔ عذر کے بعد اُن کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار کی ہوگئی تھی اور کھانے پینے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا مگر وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔ اس لئے اکثر تنگ رہتے تھے۔

(1) مرزا غالبؔ کی آمدنی کتنی تھی؟

(2) مرزا کے مکان کے آگے کون کون پڑے رہتے تھے۔

(3) عذر کے بعد مرزا کی آمدنی کتنی ہوگئی تھی۔

(4) مرزا کے کھانے پینے کا خرچ کیسا تھا۔

(5) مرزا کن لوگوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔

سوال نمبر X: ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی درج کیجئے:

5x1=5

(1) عرف (2) اسم کیفیت (3) اسم جمع

(4) تجنیس (5) خطاب

سوال نمبر XI: ضمیر کی تعریف کرتے ہوئے اُس کی قسموں کے نام بتائیے: 1x5=5

سوال نمبر XII: ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کریں: 5x1=5

(1) تاج محل شاندار عمارت ہے۔

(2) سراج ادین نیک لڑکا ہے۔

(3) موسم سرد ہے۔

(4) وہ پھول بہت عمدہ ہے۔

(5) غوثیہ دلیر لڑکی ہے۔

سوال نمبر XIII: ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کی ضد لکھئے: 5x1=5

(1) روشنی (2) بزدل (3) کمزور (4) اعلیٰ (5) نیا

(6) کامیاب (7) نفرت (8) دوزخ (9) سیاہ (10) جدید

سوال نمبر XIV: ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے واحد یا جمع لکھئے۔ 5x1=5

(1) کتاب (2) صاحب (3) کرسی (4) وقت (5) خواتین

(6) خواہشات (7) خیال (8) اشخاص (9) فکر (10) جذبات

سوال نمبر XV: مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے مذکر مؤنث لکھئے: 5x1=5

(1) والدہ (2) بھائی (3) دادی (4) چاچا (5) اونٹ

(6) مورنی (7) مکڑی (8) دھوبی (9) محترم (10) شاعر

سوال نمبر XVI: انگریزی الفاظ کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجئے: 5x1=5

(1) OLD (2) HOPE (3) GOD

(4) FACE (5) TOMORROW

------------XX------------